صرف رجسٹرڈ معالجین کے لئے

MOHSIN
DEHLVI



Dehlvi

کائنات ہماری تجربہ گاہ ہے

# دہلوی

## ریمیڈ یز پرائیویٹ لمٹیڈ


## شگر فری یونانی رینج




یونانی کی تاریخ میں پہلی بار

**95 برسوں سے جاری روائتی اقدار کا بھروسہ**

# دہلوی
## لگتا ہے کل کی بات ہے...


حافظ محمد یوسف دہلوی، بانی شمع گروپ


جناب الیاس دہلوی - ایک دائمی تحریک برائے دہلوی

# ...اور 95 سال گزُر گئے !




آیوش وزیر جناب شری شریپد یسو نائک کو
مومنٹو پیش کرتے ہوئے حکیم محسن دہلوی

دہلوی فیملی کا جانشین مونس دہلوی اپنے والد کے ساتھ



MOHSIN
DEHLVI

## ایک بصیرت رہنما

- مینجنگ ڈائریکٹر، دہلوی ریمیڈیز پرائیویٹ لمٹیڈ
- پروپرائٹر، دہلوی نیچورلس
- بزنس پارٹنر، دہلوی عنبر ہربلز پرائیویٹ لمٹیڈ
- ممبر، آیورویدک، سدھا اور یونانی ڈرگس تکنیکی ایڈوائزری بورڈ (ASUDTAB)، وزارت آیوش، حکومت ہند
- ممبر، سائنٹیفک باڈی، فارموکوپیا کمیشن فار انڈین میڈیسن اینڈ ہومیوپیتھی (PCIM&H)، وزارت آیوش، حکومت ہند
- جنرل سیکرٹری، یونانی ڈرگس مینوفیکچرس ایسوسی ایشن (UDMA)
- صدر، ورلڈ یونانی فاؤنڈیشن (ٹرسٹ)
- بانی اور مینجنگ ٹرسٹی، دہلوی نیشنل فاؤنڈیشن (ٹرسٹ)

حکیم محسن دہلوی کا تعلق ایک معزز دہلی گھرانہ 'شمع فیملی' سے ہے جو تاجروں کے ایک ممتاز نسب سے ہے۔ انکے دادا حافظ محمد یوسف دہلویؒ کو، اردو اور ہندی رسالے نکالنے کے علاوہ، طبِ یونانی سے گہری محبت تھی۔ انہوں نے 'بڑا دواخانہ' (جو 1926 میں قائم شدہ) کا اقتدار سنبھالا اور اپنے سب سے چھوٹے فرزند محمد الیاس دہلوی کو اسکا سربراہ بنا دیا۔

1978 میں حکیم محسن دہلوی نے، جو حکیم محمد الیاس دہلوی کے بیٹے ہیں، اپنے دادا جناب حافظ محمد یوسف دہلویؒ بانی شمع گروپ کے یونانی کاروبار میں شامل ہوئے، اور اسکو جدید بنانے کا تصور کیا جو روایتی طور پر محض ایک عناد پسندی کی طرز تک ہی محدود تھا۔

حال ہی میں حکیم محسن دہلوی بہتر اور سستے نسخوں کو لانے اور مریضوں کو راحت بخشنے کی انتھک کوشش کر رہے ہیں جو بیماریوں میں ایلوپیتھک دواؤں کی ناکامیابیوں کی وجہ سے پریشان ہیں جیسے ذیابیطس جو مریضوں کو چینی کا استعمال چھوڑنے کے لئے مجبور کرتا ہے۔ حکیم محسن دہلوی نے 2006 میں شگر فری کیپسول فارم میں یونانی دوائیں پیش کیں، جو پہلی اور اب تک کی واحد کوشش ہے۔ گہری تحقیق کے بعد انہوں نے اب شگر فری خمیرہ جات اور معجونیات پیش کیے ہیں جو زمانہ قدیم سے طب یونانی کی انتہائی مقبول اور اہم مرکبات ہیں۔ دنیا میں کسی دوسری کمپنی نے ابھی تک اس طرف توجہ نہیں دی۔ اب ذیابیطس کے مریض اور جو لوگ چینی کو غیر ضروری سمجھتے ہیں، پورے اعتماد کے ساتھ ان مرکبات کو استعمال کر سکتے ہیں۔

اب انکے فرزند مونس دہلوی، جنہوں نے Amity University سے مارکیٹنگ اور فائنانس میں MBA کیا ہے، اپنے والد کے ساتھ کاربناری ذمہ داریوں کو بخوبی سنبھال رہے ہیں۔

# شگر فری

## طبی دنیا میں ایک انوکھی پیشکش

## شگر فری خمیرہ جات اور معجونیات

### (سیکرین، ایسپارٹم، سکرالوز یا کسی دوسری مصنوعی مٹھاس سے پاک)

'دہلوی' برانڈ محسن دہلوی کا ہے جو 40 سال سے زائد عرصے سے یونانی سے وابستہ ہیں۔ حکیم محسن دہلوی شمع گروپ کے بانی جناب حافظ محمد یوسف دہلویؒ کے پوتے اور محمد الیاس دہلوی کے فرزند ہیں۔ وسیع تجربے کے بنا پر انہیں اپریل 2015 سے آیورویدک، سدھا اور یونانی ڈرگس کے تکنیکی ایڈوائزری بورڈ (ASUDTAB)، وزارت آیوش، حکومت ہند کا ممبر چنا گیا اور 2018 میں فارموکوپیا کمیشن فار انڈین میڈیسن اینڈ ہومیوپیتھی (PCIM&H)، وزارت آیوش، حکومت ہند کی سائنٹیفک باڈی کا ممبر بھی بنایا گیا۔

حکیم محسن دہلوی اور انکے فرزند مونس دہلوی کبھی اپنی کامیابی پر تھمے نہیں۔ انہوں نے جدید دور کی ضروریات کو ذہن میں رکھتے ہوئے یونانی کو جدید نہج پر آگے بڑھایا ہے۔ آج ہندوستان دنیا میں ذیابیطس کی راجدھانی بن چکا ہے جہاں ٹائپ-۲ ذیابیطس سے متاصر تقریباً 5 کروڑ افراد ہیں۔ انہوں نے 2006 میں شگر فری کیپسول کی شکل میں یونانی دوائیں پیش کیں، جو ہندستان میں پہلی اور اب تک کی واحد کوشش ہے۔ پھر انہوں نے شربت بزوری معتدل کو شگر فری شکل کلیہ بزوری۔ ایس ایف کے نام سے لانچ کیا اور اب شربت دینار کو دہلوی دینار۔ ایس ایف کے نام سے لانچ کیا ہے۔

گہری تحقیق کے بعد انہوں نے اب شگر فری خمیرہ جات اور معجونیات پیش کیے ہیں جو زمانہ قدیم سے طب یونانی کی انتہائی مقبول اور اہم مرکبات ہیں۔ دنیا میں کسی دوسری کمپنی نے ابھی تک اس طرف توجہ نہیں دی۔ ان مرکبات میں چینی کو چھوڑ کر کچھ بھی نہیں ہٹایا گیا، اس کی جگہ سار بیٹول اور فرکٹو آلیگو سیکرائڈز (ایف او ایس) سے بنے مرکب کا بیس استعمال کیا گیا ہے۔ اب ذیابیطس کے مریض اور جو لوگ چینی کو غیر ضروری سمجھتے ہیں، پورے اعتماد کے ساتھ ان مرکبات کو استعمال کر سکتے ہیں۔

فرکٹو آلیگو سیکرائڈز (ایف او ایس) ایک قسم کی نباتاتی شکر ہے جو پیاز، لہسن، چکوری، ستاور، کیلا، آرٹیچوک وغیرہ میں پائی جاتی ہے۔ صد فیصد نباتاتی جز ہونے کے بنا پر آنتوں میں مفید جرثوموں کی افزائش میں مدد کرتا ہے۔ چونکہ چھوٹی آنت اور معدہ اسے پچا نہیں پاتے لہٰذا یہ بڑی آنت میں آ کر پھول جاتا ہے اور مفید جرثوموں کی افزائش میں معاون ہے، نیز نقصاندہ جرثوموں کو ختم کرتا ہے۔ یہ شکر سے 20 فیصد کم میٹھا ہوتا ہے اور شکر کے مقابلے میں صرف 1/3 حصہ کیلوری ہی بناتا ہے۔

انسانی جسم غذا میں موجود کیلشیم کا محض 30 فیصد حصہ ہی استعمال کر پاتا ہے لیکن ایف او ایس کے استعمال سے انسانی جسم کیلشیم، آئرن، میگنیشیم اور زنک وغیرہ کو بہ آسانی ہضم کر سکتا ہے۔ چنانچہ ہڈیاں مضبوط ہوتی ہیں اور ان کا کھوکھلا پن دور ہو جاتا ہے۔ یہ خون میں موجود نقصاندہ چربی یا کولیسٹرال کو بھی کم کرتا ہے اور دانتوں کو کمزور ہونے سے بچاتا ہے۔ اس کا استعمال کینسر میں مدافعت کی قوت بھی پیدا کرتا ہے۔ چینی کے استعمال سے متعدد مضرِ صحت مسائل پیدا ہوتے ہیں جیسے موٹاپا، ذیابیطس، دل کی بیماریاں وغیرہ، جب کہ ایف او ایس میں کوئی مضر اثرات نہیں ہوتے۔ ایف او ایس کا گلیسیمک انڈیکس بھی کم ہوتا ہے، جو ذیابیطس کے مریضوں کے لئے فائدہ مند ہے۔ 'یاما شیتا وغیرہ' کی طرف سے کیے جانے والے مطالعہ میں ذیابیطس ٹائپ-۲ کے مریضوں میں، جن کا سیرم گلوکوز کنٹرول میں نہیں تھا، ظاہر ہوا کہ 14 دن کے لئے غذا میں ایف او ایس کے 8 گرام استعمال سے سیرم گلوکوز میں کمی آئی۔ صحت مند افراد کے ساتھ ایک اور مطالعہ میں گلیسیمک کنٹرول میں کوئی تبدیلی نہیں آئی۔ انہیں کھانے سے پہلے خون میں گلوکوز میں 8 فیصد کی کمی آئی' مجموعی کولیسٹرال میں 6 فیصد کی کمی آئی اور ایل ڈی ایل کولیسٹرال میں 10 فیصد کی کمی آئی۔

**شگر فری مرکبات:** دہلوی اطریفل جروب دماغ۔ ایس ایف، دہلوی ایل۔ کبیر۔ ایس ایف، دہلوی آبریشم ارشدی۔ ایس ایف، دہلوی آبریشم انابی۔ ایس ایف، دہلوی آردخورمین۔ ایس ایف، دہلوی ثعلب مصری۔ ایس ایف، دہلوی جوارش میٹک۔ ایس ایف، دہلوی خمیرہ موتی۔ ایس ایف، دہلوی دواالمعتد لجواہری۔ ایس ایف، دہلوی فلاسفین۔ ایس ایف، دہلوی کمون۔ ایس ایف، دہلوی گاؤزبانی عنبری جدواری۔ ایس ایف، دہلوی گاؤزبانی عنبری جواہری۔ ایس ایف، دہلوی گیلینوس۔ ایس ایف، دہلوی معجون ڈی۔ ورد۔ ایس ایف۔

## دہلوی اطریفل جاروب دماغ (اسطوخودوس) SF-




صدیوں کا آزمودہ اطریفل اسطوخودوس کی ترقی یافتہ شکل ہے جوشگرفری شکل میں پیش کیا گیا ہے۔ اطریفل اسطوخودوس کی تمام ترخصوصیات کے ساتھ بلاشبہ دہلوی اطریفل جروب دماغ **SF-** جدید دور کے تقاضوں کو پورا کرتا ہے۔ اس میں صرف شکرنہیں ہے۔ دائمی نزلہ میں خصوصیت سے مفید ہے۔ دماغ سے بلغمی رطوبات کو خارج کرتا ہے۔ سر کے بھاری رہنے اور پرانے دردسر میں مفید ہے۔ اگر مناسب عرصہ تک پابندی سے استعمال کرایا جائے تو بالوں کی سیاہی بھی قائم رکھتا ہے۔ اگر نزلہ یا کسی بیماری کی وجہ سے بال سفید ہو جائیں تو ان کو صحیح حالت پر واپس لاتا ہے۔ معدہ اور آنتوں کو قوت دیتا ہے اور قبض کو دور کرتا ہے۔

**اجزاء ترکیبی** : ہر 5 گرام مقدار میں شامل اجزاء: پوست ہلیلہ زرد، پوست ہلیلہ کابلی، ہلیہ سیاہ، پوست بلیلہ، آملہ، برگ سناءمکی، تربدسفید، بسفائج، اسطوخودوس، مصطگی، افتیمون، کشمش اور مویز منقیٰ ہر ایک 90.09 ملی گرام، روغن بادام شیریں 450.45 ملی گرام، ساربیٹول 1.350 گرام اور فرکٹوآلیگوسیکرائڈز پاؤڈر 2.028 گرام۔

**ترکیب استعمال**: ۵ گرام رات کو سوتے وقت ہلکے گرم پانی سے۔

## دہلوی ایل۔کبیر SF-




صدیوں کا آزمودہ لبوب کبیر کی ترقی یافتہ شکل ہے جوشگرفری شکل میں پیش کیا گیا ہے۔ لبوب کبیر کی تمام ترخصوصیات کے ساتھ بلاشبہ دہلوی ایل کبیر **SF-** جدید دور کے تقاضوں کو پورا کرتا ہے۔ اس میں صرف شکرنہیں ہے۔ دماغ اور اعصاب کو طاقت دیتا ہے۔ عضومخصوص کی نرمی کو دور کرتا ہے۔ مادّہ تولید کی پیدائش اور قوتِ باہ کو بڑھاتا ہے۔ گردوں کو طاقت دیتا ہے اور عام جسمانی کمزوری کو دور کرتا ہے۔ جریان میں بھی مفید ہے۔

**اجزاء ترکیبی** : ہر 5 گرام مقدار میں شامل اجزاء: ورق نقرہ 4.43 ملی گرام، عنبر اشہب 8.56 ملی گرام، عود خام 11.26 ملی گرام، جوزبوا، جاوتری، اشنہ، فلفل دراز ہر ایک 13.32 ملی گرام، بالچھڑ، سعدکوفی، قرنفل، کباب چینی، اندرجو شیریں، درونج عقربی، زرنباد، حب القلقل، تخم گزر، تخم پیاز، تخم ترب، تخم شلجم، اسپست، تخم ہلیون ہر ایک 19.98 ملی گرام، سورنجان شیریں، بوزیدان، نعناع خشک ہر ایک 22.83 ملی گرام، زعفران، مصطگی ہر ایک 25.68 ملی گرام، مغز پستہ، مغز بادام، مغز فندق، مغز حبۃ الخضراء، مغز اخروٹ، مغز چلغوزہ، مغز حب الزلم، ماہی روبیاں، خولنجان، شقاقل مصری، بہمن سفید، بہمن سرخ، تودری سرخ، تودری زرد، زنجبیل، کنجد مُقشّر، دارچینی ہر ایک 28.54 ملی گرام، خصیۃ الثعلب، خشخاش سفید، نارجیل تازا ہر ایک 57.07 ملی گرام، ساربیٹول 1.540 گرام، فرکٹوآلیگوسیکرائڈز پاؤڈر 2.309 گرام

**ترکیب استعمال**: 5 گرام صبح 250 ملی لیٹر دودھ کے ساتھ۔

## دہلوی آبریشم ارشدی -SF




صدیوں کا آزمودہ خمیرہ آبریشم حکیم ارشد والا کی ترقی یافتہ شکل ہے جو شگر فری شکل میں پیش کیا گیا ہے۔ خمیرہ آبریشم حکیم ارشد والا کی تمام تر خصوصیات کے ساتھ بلاشبہ دہلوی آبریشم ارشدی **SF-** جدید دور کے تقاضوں کو پورا کرتا ہے۔ اس میں صرف شکر نہیں ہے۔ مقوی قلب ومقوی دماغ ہے۔ دماغ کے مختلف حصوں کو طاقت دیکر ان کے نقائص دور کرتا ہے۔ اعصاب کی بڑھی ہوئی حس کو درست کرتا ہے۔ قلب کی حرکات میں تنظیم اور باقاعدگی پیدا کرتا ہے۔ عام جسمانی کمزوری، خفقان (دل کی دھڑکن)، مالیخولیا، گھبراہٹ اور خیالات کی پریشانی کو بہت جلد دور کرتا ہے۔ جگر کو طاقت دے کر خون کی پیدائش میں مدد کرتا ہے۔ وجع الصدر اور بیماریوں کے بعد کی کمزوری میں مفید ہے۔

**اجزاء ترکیبی** : ہر 3 گرام مقدار میں شامل اجزاء: عود ہندی، بالچھڑ، پوست ترنج ہر ایک 5.54 ملی گرم، زعفران، مصطگی رومی، قرنفل، دانہ الائچی خرد، ساذج ہندی ہر ایک 6.93 ملی گرام، برادہ صندل سفید، عنبر خالص، ورق نقرہ ہر ایک 8.32 ملی گرام، کہربا شمعی، یاقوت، یشب سبز ہر ایک 12.47 ملی گرام، مروارید 16.79 ملی گرام، عرق گاؤزبان، عرق بید مشک، آب سیب شیریں، آب انار شیریں، آب بہی ہر ایک 194.05 ملی گرم، آبریشم خام مقرض 304.94 ملی گرام، سوربیٹول 385 ملی گرام، فرکٹو آلیگوسیکرائڈز پاؤڈر 1 گرام۔

**ترکیب استعمال**: 3 گرام صبح نہار منہ دودھ یا پانی کے ساتھ۔

## دہلوی آبریشم عنّابی -SF




صدیوں کا آزمودہ خمیرہ آبریشم شیرہ عنّاب والا کی ترقی یافتہ شکل ہے جو شگر فری شکل میں پیش کیا گیا ہے۔ خمیرہ آبریشم شیرہ عنّاب والا کی تمام تر خصوصیات کے ساتھ بلاشبہ دہلوی آبریشم عنّابی **SF-** جدید دور کے تقاضوں کو پورا کرتا ہے۔ اس میں صرف شکر نہیں ہے۔ دماغ اور پھیپھڑوں کی کمزوری، خشک کھانسی، سل ودق میں مفید ہے۔ خفقان، گھبراہٹ اور وحشت دور کرتا ہے۔ معدہ کی تبخیر کے لئے بھی مفید ہے۔ قوت بینائی کو بڑھاتا ہے۔

**اجزاء ترکیبی** : ہر 5 گرام مقدار میں شامل اجزاء: ورق نقرہ 8.32 ملی گرام، عنبر 18.31 ملی گرام، زعفران 27.47 ملی گرام، برگ گاؤزبان، صندل سفید، عنّاب، آب سیب شیریں، آب سیب ترش، آب انار شیریں، آب انگور، آب بہی ہر ایک 274.68 ملی گرام، آبریشم خام مقرض 1.373 گرام، سوربیٹول 373 ملی گرام، فرکٹو آلیگوسیکرائڈز پاؤڈر 1 گرام۔

**ترکیب استعمال**: 5 گرام صبح نہار منہ پانی کے ساتھ۔

## دہلوی آردخرمین -SF




صدیوں کی آزمودہ معجون آردخرما کی ترقی یافتہ شکل ہے جوشگرفری شکل میں پیش کی گئی ہے۔ معجون آردخرما کی تمام ترخصوصیات کے ساتھ بلاشبہ دہلوی آردخرمین **-SF** جدید دور کے تقاضوں کو پورا کرتی ہے۔اس میں صرف شکرنہیں ہے۔ جریان اوراحتلام کی شکایت میں مفید ہے۔ مادّہ منویہ کوغلیظ کرتی ہے اوراس کی تولید بڑھاتی ہے۔سرعتِ انزال کی بیماری کورفع کرتی ہے۔قوت باہ بڑھاتی ہے۔

**اجزاء ترکیبی** : ہر 10 گرام مقدار میں شامل اجزاء: جاوتری، جائفل ہرایک 7.19 ملی گرام،قرنفل 14.38 ملی گرام،مغزپنبہ دانہ 28.76 ملی گرام،مغزبادام،مغزچلغوزہ،مغزفندق ہرایک 143.80 ملی گرام،ستاور 287.61 ملی گرام،گوند ببول،آردخرما، سنگھاڑا خشک ہر ایک 1.150 گرام، سوربیٹول 2.200 گرام، فرکٹوآلیگوسیکرائڈز پاوڈر 3.552 گرام۔

**ترکیب استعمال**: 10 گرام صبح 250 ملی لیٹر دودھ کے ساتھ۔

## دہلوی ثعلب مصری -SF




صدیوں کی آزمودہ معجون ثعلب کی ترقی یافتہ شکل ہے جوشگرفری شکل میں پیش کی گئی ہے۔ معجون ثعلب کی تمام ترخصوصیات کے ساتھ بلاشبہ دہلوی ثعلب مصری **-SF** جدید دور کے تقاضوں کو پورا کرتی ہے۔اس میں صرف شکرنہیں ہے۔ ضعفِ باہ وجریان کودورکرتی ہے۔عضومخصوص کی سستی وڈھیلے پن کودورکرکے عضومیں سختی پیدا کرتی ہے۔ مادّہ تولید کوگاڑھا کرتی ہے۔

**اجزاء ترکیبی** : ہر 5 گرام مقدار میں شامل اجزاء: زعفران،بسباسہ ہرایک 13.02 ملی گرام،مصطگی،تودری سورخ،تودری زرد،بہمن سفید،بہمن سرخ،زنجبیل، جائفل،تخم ہالون،دارفلفل ہرایک 26.04 ملی گرام،تخم گزر،تخم کونچ، کنجد، اسگندھ، مغز بلاذُر، سمندر سوخ، خولنجان، آقرقرحا ہر ایک 52.05 ملی گرام، شقاقل مصری 156.22 ملی گرام، خصیتہ الثعلب 260.36 ملی گرام، سوربیٹول 1.560 گرام، فرکٹوآلیگوسیکرائڈز پاوڈر 2.345 گرام۔

**ترکیب استعمال**: 5 گرام صبح 250 ملی لیٹر دودھ کے ساتھ۔

## دہلوی جوارش میسٹک -SF




صدیوں کی آزمودہ جوارش مصطگی کی ترقی یافتہ شکل ہے جو شگر فری شکل میں پیش کی گئی ہے۔ جوارش مصطگی کی تمام تر خصوصیات کے ساتھ بلاشبہ دہلوی میسٹک -SF جدید دور کے تقاضوں کو پورا کرتی ہے۔اس میں صرف شکر نہیں ہے۔ معدہ، جگر اور آنتوں کو طاقت دیتی ہے۔ اگر معدہ اور آنتوں کی کمزوری سے دست آرہے ہوں تو ان کو روکتی ہے۔منھ سے رال بہنے اور پیشاب کے زیادہ آنے میں مفید ہے۔معدہ اور جگر کی سردی کو دور کرتی ہے۔

**اجزاء ترکیبی** : ہر 10 گرام مقدار میں شامل اجزاء: مصطگی 246.91 ملی گرام، عرق گلاب 987.65 ملی گرام، سوربیٹول 3.506 گرام، فرکٹو آلیگوسیکرائڈز پاؤڈر 5.259 گرام۔

**ترکیب استعمال**: 5 گرام صبح شام پانی کے ساتھ -

## دہلوی خمیرہ موتی -SF




صدیوں کا آزمودہ خمیرہ مروارید کی ترقی یافتہ شکل ہے جو شگر فری شکل میں پیش کیا گیا ہے۔خمیرہ مروارید کی تمام تر خصوصیات کے ساتھ بلاشبہ دہلوی خمیرہ موتی -SF جدید دور کے تقاضوں کو پورا کرتا ہے۔اس میں صرف شکر نہیں ہے۔ خفقان (دل کی دھڑکن)، وحشت اور گھبراہٹ دور کرتا ہے۔ دل کو طاقت دیتا ہے۔امّ الصبیان (بچوں کی مرگی) اور عام جسمانی کمزوری میں بہت مفید ہے۔موتی جھرہ اور خسرہ جیسی بیماریوں میں دل اور حرارت غریزی کی حفاظت کرتا ہے اور ان بیماریوں کے بعد کی کمزوری کو بہت جلد دور کرتا ہے۔عورتوں کے مرض سیلان اور ان کی کمزوری میں مفید ہے۔

**اجزاء ترکیبی** : ہر 5 گرام مقدار میں شامل اجزاء: کہربا، بنسلوچن، یشب، زہرمہرہ، صندل سفید، ورق نقرہ، مروارید ہر ایک 49.13 ملی گرام، آب بہی، آب سیب شیریں، آب انار شیریں ہر ایک 842.19 ملی گرام، سوربیٹول 0.842 گرام، فرکٹو آلیگوسیکرائڈز پاؤڈر 1.263 گرام۔

**ترکیب استعمال**: بچوں کو ان کی عمر کے مطابق ایک گرام سے 3 گرام تک اور بڑی عمر والوں کو 5 گرام صبح نہار منھ و شام پانی یا عرق گاؤزبان کے ساتھ -

## دہلوی دواءالمعتدل جواہری-SF




صدیوں کی آزمودہ دواء المسک معتدل جواہر والی کی ترقی یافتہ شکل ہے جو شگر فری شکل میں پیش کی گئی ہے۔ دواء المسک معتدل جواہر والی کی تمام ترخصوصیات کے ساتھ بلاشبہ دہلوی دواءالمعتدل جواہری-SF جدید دور کے تقاضوں کو پورا کرتی ہے۔اس میں صرف شکر نہیں ہے۔ دل کو طاقت دیتی ہے۔ دل کی بے ترتیب حرکات کو اعتدال پر لاتی ہے۔ عام جسمانی کمزوری، غشی، خفقان، مالیخولیا، گھبراہٹ، وجع الصدر اور بیماریوں کے بعد کی کمزوری میں مفید ہے۔سست دورانِ خون کو تیز کرتی ہے اور خون کی پیدائش بڑھاتی ہے۔جگر اور معدہ کو بھی تقویت پہنچاتی ہے۔

**اجزاء ترکیبی** : ہر 5 گرام مقدار میں شامل اجزاء: عنبر 15.9 ملی گرام، مصطگی، اشنہ، دانہ الا ئچی خرد ہر ایک 31.7 ملی گرام، عود ہندی، بادرنج بویہ ہر ایک 39.7 ملی گرام، زعفران، گلِ سرخ، دارچینی، بہمن سفید، بہمن سرخ، درونج اقربی، آبریشم خام مقرض، مروارید محلول، کہروبا محلول ہر ایک 55.5 ملی گرام، طباشیر کبود، صندل سفید، صندل سرخ، کشنیز خشک، گلِ گاؤزبان، آملہ خشک، تخم خرفہ سیاہ، ورق نقرہ ہر ایک 79.3 ملی گرام، زرشک 119 ملی گرام، آب سیب شیریں 591 ملی گرام، سوربیٹول 825 ملی گرام، فرکٹو آلیگوسیکرائڈز پاؤڈر 2.141 گرام، عرق کیوڑہ q.s.

**ترکیب استعمال**: 5 گرام صبح وشام 250 ملی لیٹر دودھ کے ساتھ۔

## دہلوی فلاسفین -SF




صدیوں کی آزمودہ معجون فلاسفہ کی ترقی یافتہ شکل ہے جو شگر فری شکل میں پیش کی گئی ہے۔ معجون فلاسفہ کی تمام ترخصوصیات کے ساتھ بلاشبہ دہلوی فلاسفین -SF جدید دور کے تقاضوں کو پورا کرتی ہے۔ اس میں صرف شکر نہیں ہے۔ اعصاب کو طاقت دے کر اور ماّدہ تولید کی پیدائش زیادہ کر کے قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ گردہ ومثانہ کو طاقت دیتی ہے اور پیشاب کی کثرت کو روکتی ہے۔ گٹھیا اور کمر کے درد کو دور کرتی ہے، غذا کو ہضم کرتی ہے اور بھوک بڑھاتی ہے۔

**اجزاء ترکیبی** : ہر 5 گرام مقدار میں شامل اجزاء: تخم بابونہ 57.36 ملی گرام، زنجبیل، فلفل سیاہ، فلفل دراز، آملہ مقشر، ہلیلہ سیاہ، شیترج ہندی، زراوند مدحرج، خصیۃ الثعلب، بیخ بابونہ، مغز چلغوزہ، نارجیل تازہ ہر ایک 114.71 ملی گرام، مویز منقیٰ 344.14 ملی گرام، سوربیٹول 1.330 گرام، فرکٹو آلیگوسیکرائڈز پاؤڈر 1.997 گرام۔

**ترکیب استعمال**: 5 گرام صبح یا شام 250 ملی لیٹر دودھ کے ساتھ۔

## دہلوی کمون -SF




صدیوں کی آزمودہ جوارش کمونی کی ترقی یافتہ شکل ہے جوشگر فری شکل میں پیش کی گئی ہے۔ جوارش کمونی کی تمام ترخصوصیات کے ساتھ بلاشبہ دہلوی کمون-SF جدید دور کے تقاضوں کو پورا کرتی ہے۔اس میں صرف شکر نہیں ہے۔ پیٹ کے درد، ہضم کی خرابی، ریح کی کثرت اور نفخ کو دور کرتی ہے۔مقوّی معدہ ہے۔بھوک لگاتی ہے۔کھٹی ڈکاروں اور ہچکی کی شکایت کو رفع کرتی ہے۔قبض کو دور کرتی ہے۔

**اجزاء ترکیبی** : ہر 10 گرام مقدار میں شامل اجزاء: بورہ ارمنی 29.07 ملی گرام، فلفل سیاہ 174.42 ملی گرام، زنجبیل 232.56 ملی گرام، برگ سداب 232.56 ملی گرام، زیرہ سیاہ مدبر 581.39 ملی گرام، سوربیٹول 1.500 گرام، فرکٹو آلیگوسیکرائڈز پاؤڈر 2.250 گرام۔

**ترکیب استعمال**: 5 گرام بعد غذا تازہ پانی سے۔

## دہلوی گاؤزبانی عنبری جدواری -SF




صدیوں کا آزمودہ خمیرہ گاؤزباں عنبری جدوار عود صلیب والا کی ترقی یافتہ شکل ہے جوشگر فری شکل میں پیش کی گئی ہے۔خمیرہ گاؤزباں عنبری جدوار عود صلیب والا کی تمام ترخصوصیات کے ساتھ بلاشبہ دہلوی گاؤزبانی عنبری جدواری-SF جدید دور کے تقاضوں کو پورا کرتی ہے۔ اس میں صرف شکر نہیں ہے۔صرع (مرگی) میں خاص طور پر مفید ہے۔ فالج، لقوہ، اُم الصّبیان (بچوں کی مرگی)، رعشہ اور اختناق الرحم (ہسٹیریا) کی شکایتوں میں بھی مفید ہے۔ اعصاب اور دماغ کو قوت دیتا ہے۔

**اجزاء ترکیبی** : ہر 5 گرام مقدار میں شامل اجزاء: عنبر 6.96 ملی گرام، ورق نقرہ 20.88 ملی گرام، گلِ گاؤزبان، کشنیز خشک، آبریشم خام مقرض، بہمن سفید، بہمن سرخ، صندل سفید، تخم بالنگو، تخم فرنجمشک، بادرنج بویہ، اسطوخدوس، تودری سورخ، تودری سفید، جدوار، عود صلیب ہر ایک 34.80 ملی گرام، گاؤزبان 104.39 ملی گرام، سوربیٹول 1.740 گرام، فرکٹو آلیگوسیکرائڈز پاؤڈر 2.250 گرام۔

**ترکیب استعمال**: 5 گرام صبح نہار منھ 250 ملی لیٹر دودھ کے ساتھ۔

## دہلوی گاؤزبانی عنبری جواہری-SF




صدیوں کا آزمودہ خمیرہ گاؤزباں عنبری جواہر والا کی ترقی یافتہ شکل ہے جوشگر فری شکل میں پیش کی گئی ہے۔ خمیرہ گاؤزباں عنبری جواہر والا کی تمام ترخصوصیات کے ساتھ بلاشبہ دہلوی گاؤزبانی عنبری جواہری-SF جدید دور کے تقاضوں کو پورا کرتی ہے۔ اس میں صرف شکر نہیں ہے۔ دل ودماغ کی تقویت اور فرحت کے لئے نہایت مفید ہے۔ عام جسمانی کمزوری اور مالیخولیا کو دور کرتا ہے۔ دماغی کام کرنے والوں کے لئے اس کا روزانہ استعمال مفید ہے۔ نسیان (بھول) کے مرض میں مجرب ہے۔ آنکھوں کو طاقت دیتا ہے، دماغی کمزوری کو دور کرتا ہے اور ذہن کو تیز کرتا ہے۔

**اجزاء ترکیبی**: ہر 5 گرام مقدار میں شامل اجزاء: عنبر 7.35 ملی گرام، مروارید، یاقوت، زمرّد، زہر مہرہ ہر ایک 16.55 ملی گرام، ورق نقرہ 21.17 ملی گرام، کشنیز خشک، آبریشم خام مقرض، بہمن سفید، صندل سفید، تخم بالنگو، تخم فرنجمشک، گل گاؤزباں ہر ایک 36.77 ملی گرام، گاؤزباں 55.16 ملی گرام، سوربیٹول 1.834 گرام، فرکٹو آلیگوسیکرائڈز پاؤڈر 2.752 گرام، عرق گلاب q.s.

**ترکیب استعمال**: 5 گرام صبح نہار منھ ایک گلاس دودھ کے ساتھ۔

## دہلوی گیلینوس-SF




صدیوں کی آزمودہ جوارش جالینوس کی ترقی یافتہ شکل ہے جوشگر فری شکل میں پیش کی گئی ہے۔ جوارش جالینوس کی تمام ترخصوصیات کے ساتھ بلاشبہ دہلوی گیلینوس-SF جدید دور کے تقاضوں کو پورا کرتی ہے۔ اس میں صرف شکر نہیں ہے۔ طب یونانی کی مشہور دوا ہے۔ معدہ، جگر، آنتوں اور مثانہ کو طاقت دیتی ہے۔ غذا کو ہضم کرتی ہے، ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور بھوک کو بڑھاتی ہے۔ معدہ کی تیزابیت اور آنتوں کے درد کو دور کرتی ہے۔ پیشاب کی زیادتی کو روکتی ہے اور منھ سے بدبو آنے کو دور کرتی ہے۔ بلغمی کھانسی اور بواسیر میں بھی مفید ہے۔ گردہ ومثانہ میں بار بار پتھری پیدا ہونے کی صورت میں اس کے استعمال سے پتھری کی پیدائش رک جاتی ہے۔ بالوں کو قبل از وقت سفید ہونے سے بچاتی ہے۔

**اجزاء ترکیبی**: ہر 5 گرام مقدار میں شامل اجزاء: زعفران، بالچھڑ، الائچی خرد، سلیخہ، دارچینی، خولنجان، قرنفل، سعد کوفی، زنجبیل، فلفل سیاہ، فلفل دراز، قسط شیریں، عود بلسان، اسارون، حب الآس، چرائتہ شیریں ہر ایک 67.43 ملی گرام، مصطگی 168.58 ملی گرام، سوربیٹول 1.500 گرام، فرکٹو آلیگوسیکرائڈز پاؤڈر 2.242 گرام

**ترکیب استعمال**: 5 گرام بعد غذا تازہ پانی سے۔

# دہلوی معجون ڈی۔ورد -SF




صدیوں کا آزمودہ معجون دبیدالورد کی ترقی یافتہ شکل ہے جو شگر فری شکل میں پیش کی گئی ہے۔ معجون دبیدالورد کی تمام تر خصوصیات کے ساتھ بلاشبہ دہلوی معجون ڈی۔ورد -**SF** جدید دور کے تقاضوں کو پورا کرتی ہے۔ اس میں صرف شکر نہیں ہے۔ ورم جگر کو تحلیل کرتی ہے۔ جگر کے بڑھ جانے، صلابت جگر اور استسقاء کی تینوں قسموں میں مفید ہے۔ جگر کے علاوہ ورم معدہ و ورم رحم، یرقان اور ضعفِ اشتہا میں اس کا استعمال مجرب ہے۔ شراب نوشی کے مریضوں کو اس کا مسلسل استعمال جگر کی خرابیوں سے بچاتا ہے۔ بھوک بڑھاتی ہے۔

**اجزاء ترکیبی** : ہر 5 گرام مقدار میں شامل اجزاء: بالچھڑ، مصطگی، زعفران، طباشیر، دارچینی، اذخرمکی، اسارون، قسط شیریں، گلِ غافث، تخم کثوث، مجیٹھ، لک، تخم کاسنی، تخم کرفس، زراوندطویل، حب بلسان، عودغرقی، قرنفل، دانہ الائچی خرد ہر ایک **32.83** ملی گرام، گلِ سرخ **623.75** ملی گرام، سوربیٹول 1.500 گرام، فرکٹو آلیگوسیکرائڈز پاؤڈر 2.242 گرام-

**ترکیب استعمال**: 5 گرام بعدغذا تازہ پانی سے۔


بہترین شگرفری
الکلائزر پیشاب آور
۱۰۰% راحت کیلئے
کلیہ
بزوری۔SF
صدیوں سے آزمودہ شربت بزوری معتدل کی
تمام تر خصوصیات اب شگرفری شکل میں۔
جگر، گردہ اور مثانہ کے فضلات کو پیشاب کے ذریعہ
خارج کرتا ہے۔ پیشاب خوب کھل کر لاتا ہے۔
جگر کی گرمی سے بخار رہتا ہو تو وہ بھی دور ہو جاتا ہے۔
پیشاب کی نالی کے امراض میں مفید ہے۔
Dehlvi
www.dehlvi.com
KULIAH
Bazoori-SF
SUGAR FREE
جگر اور گردوں کی صفائی کر کے جسم کو
زہریلے اثرات سے پاک کرتا ہے
● تیزابیت ● پیشاب کا تکلیف کے ساتھ آنا ● بخار ● پیلیا
● گردے کی پتھری ● پیشاب کی نالی کے امراض (UTI)
● جگر کی سستی
Dehlvi Naturals
4, Club Road, Civil Lines, Delhi - 110054
Website: www.dehlvi.com
Email: enquiry@dehlvi.com

www.dehlvi.com

صدیوں سے آزمودہ


# شربت دینار

کی تمام تر خصوصیات اب شگر فری شکل میں

دہلوی

## دینار ایس ایف







ورم جگر، درد جگر، استسقاء اور پسلیوں کے درد (ذات الجنب) کی شکایت میں مفید ہے۔ پیشاب کھل کر لاتا ہے اور جگر کی رکاوٹ دور کرتا ہے۔

# یونانی مرکبات اب کیپسول فارم میں

www.dehlvi.com

## دہلوی نیچورلس

## آپ کو دونوں سسٹم کے فوائد دیتا ہے؛
## یونانی کی افادیت اور ایلوپیتھی کی سہولت۔




- ایل۔کبیر کیپسول
- آردخرمین کیپسول
- ثعلب مصری مرکب کیپسول
- جاروب دماغ کیپسول
- جلال کیپسول
- ڈی۔ایم۔ایم۔جواہری کیپسول
- ڈی۔ورد کیپسول
- زرعون سادہ کیپسول
- سورنجان مفاصل کیپسول
- دہلوی فلاسفین کیپسول
- دہلوی کمون کیپسول

دہلوی سے آنے والی روائتی یونانی دواؤں کی کہانی، باقاعدہ تحقیق و ترقی کے ساتھ جاری ہے۔دہلوی نیچورلس پوری کوشش کر رہی ہے کہ مریضوں، حکیموں، ویدوں اور ڈاکٹرس کے لئے آسانیاں پیدا کرے۔اس کا نتیجہ اامرکبات فارمولیشن کیپسول کی شکل میں۔دہلوی نیچورلس کے پاس **100** سے زیادہ پروپرائٹری فارمولیشن اور **50** سے زائد سنگل ہرب کیپسول فارم میں ہیں۔یہ صرف شروعات ہے۔یہ کیپسول فامولیشن جدید دور کے تقاضوں کو پورا کرتے ہیں۔سہولت کی طرف مزید پیشرفت کے علاوہ وقت کے ساتھ ساتھ آپ اس فارم میں زیادہ سے زیادہ اور فامولیشن توقع کر سکتے ہیں۔

©

Dehlvi


**Dehlvi Remedies Pvt. Ltd./Dehlvi Naturals/**
**Dehlvi Ambar Herbals Pvt. Ltd.**

**Corporate Office:**
4, Club Road, Civil Lines, Delhi - 110054
www.dehlvi.com Helpline: 011-40512727
Email: dehlviremedies1994@gmail.com